8

پَر پھیلائیں، اُڑتے جائیں

کوہو کوہو آواز لگاتی،
مدھر - مدھر سے گیت سناتی!
سب کے من کو ہوں میں بھاتی،
دیکھو میں .... کہلاتی!
مَرے جانور کھا کر میں،
جگہ صاف کر دیتا ہوں!
اونچے.......... میں اُڑتا ہوں،
گدھ میں کہلاتا ہوں!
چونچ ہے میری بڑی نرالی،
سوئی ہو جیسے سلنے والی!
پتے سل کر گھر بناؤں،
.... چڑیا میں کہلاؤں!
رنگ سلیٹی، پنجے ....
غٹرغوں کی بھر کر چابی
دن بھر شور مچاتا ہوں،
.... میں کہلاتا ہوں۔
پیڑ کے .... میں چھید بناؤں،
اُس میں چھپے کیڑے میں کھاؤں!
ٹک ٹک کرتا جاتا ہوں،
کٹھ پھوڑا کہلاتا ہوں!

اُلو بولا۔ اب بند کیوں نہیں کرتے یہ شور وغل؟ یہ کیسا جھگڑا؟ ہم سبھی میں کچھ نہ کچھ خاص ہے۔ ہمارے پَر، پیر، چونچ اور بولی چاہیں الگ الگ ہیں مگر سبھی پرندے ہیں۔ سوچو اگر ہم سب ایک جیسے دکھائی دیتے اور ایک سا کھاتے، بولی بھی اگر ایک سی ہی ہوتی تو کتنی بے رنگ ہوتی یہ دنیا!

* سبق میں آئے پرندوں میں سے تم نے کن کن کو دیکھا ہے؟ ان کے نام لکھو۔

________ ________ ________ ________

________ ________ ________ ________

اب باہر جا کر دیکھو تمہیں کتنے پرندے دکھائی دیتے ہیں۔ پیڑ پر ہی نہیں، میدان میں، پانی میں، پانی کے آس پاس اور جھاڑیوں میں بھی تلاش کرنا۔

* پرندوں کے نام بھرو اور ٹھیک جگہ پر ✓ نشان لگاؤ۔ اگر نام نہیں معلوم ہو تو اس کی کوئی پہچان لکھو۔

بچے باہر پرندوں کو دیکھیں گے تو کاغذ پر آسانی سے پہچان سکیں گے۔ نظم کو پڑھانے کے لئے بچوں کو پرندوں کی خصوصیات کا علم ہونے سے مدد ملے گی۔ خواہ وہ ان کے نام نہ بھی جانتے ہوں۔

© NCERT not to be republished

پرندے کا نام	جہاں دیکھا ہے				
	پانی میں	پیڑ پر	زمین پر	گھر میں	اُڑتے ہوئے

کیا تم نے غور سے دیکھا ہے کہ مختلف پرندوں کی چونچ بھی مختلف ہوتی ہیں؟ نیچے کچھ پرندوں کی چونچ کی تصویریں ہیں۔ ان کو غور سے دیکھو اور پہچانو۔ یہ کن پرندوں کی چونچیں ہیں۔ نیچے نام لکھو۔ خالی خانے میں کسی اور پرندے کی تصویر بناؤ اور اس کا نام لکھو۔



_______________ _______________ _______________

بچوں کی پرندوں میں دلچسپی میں اضافہ کرنے کے لئے، بچے خاموشی سے چڑیوں کو بغور دیکھیں اور اپنے مشاہدہ کو نوٹ کرنا سیکھیں۔ اور کمرۂ جماعت میں سبھی کو بتائیں۔

© NCERT not to be republished



دیکھا، پرندوں کی چونچ کتنی الگ الگ طرح کی ہوتی ہے۔ اتنا ہی الگ الگ طرح کا ہوتا ہے، ان کا کھانا۔ پرندے طرح طرح کی چیزیں کھاتے ہیں۔ کوئی پھل کھاتا ہے تو کوئی بیج، کوئی انڈے کھاتا ہے تو کوئی مچھلی۔

تصویر میں دیے ہوئے پرندوں کو ان کے کھانے کے ساتھ جوڑو۔



© NCERT not to be republished

کیا تم نے کبھی غور کیا ہے کہ پرندوں کے اُڑنے، چلنے اور گردن گھمانے کے طریقے الگ الگ ہیں۔ مینا جھٹکے سے اپنی گردن آگے پیچھے کرتی ہے۔ اُلو تو اپنی گردن کو کافی پیچھے تک گھما سکتا ہے۔ کیا تم بھی ایسا کر سکتے ہو؟

کچھ پرندے ایسے ہوتے ہیں جو ہماری بولی کی نقل کر سکتے ہیں۔ کیا تم ایسے کسی پرندے کا نام جانتے ہو؟ اس کی تصویر اپنی کاپی میں بناؤ اور اس کا نام بھی لکھو۔

باہر کھلے میں جاؤ۔ پرندوں کو دیکھو کہ وہ کیسے چلتے ہیں، ان کے پَر کیسے ہیں اور گردن کیسے ہلاتے ہیں؟ پرندوں کی آوازیں بھی سنو۔ کسی تین پرندوں کی آوازوں کی نقل کرو۔ ان کے گردن ہلانے کے انداز کی بھی نقل کرو۔ اپنے ساتھیوں سے کہو کہ وہ پہچانیں تم نے کس پرندے کی نقل کی ہے۔

پرندوں کے پَر مختلف رنگ اور نمونوں کے ہوتے ہیں۔ ان کے پَر اُڑنے میں مدد کرتے ہیں۔ اتنا ہی نہیں پَر ان کے بدن کو گرم بھی رکھتے ہیں۔ وقتاً فوقتاً (کبھی کبھی) پرندوں کے پرانے پَر جھڑ جاتے ہیں اور نئے پَر نکل آتے ہیں۔ تم نے بھی کئی بار پرندوں کے گرے ہوئے پروں کو دیکھا ہوگا۔

پرندوں کے گرے ہوئے پروں کو اکٹھا کرو اور ان کے رنگ روپ اور ہیئت پر بات چیت کرو۔ ایک پرندے کی تصویر اپنی کاپی میں بناؤ اور اُس پر پرندوں کے پَر چپکاؤ۔

* پرندوں کے علاوہ اور کون کون سے جانور اُڑ سکتے ہیں۔

_______________ _______________ _______________

_______________ _______________ _______________

© NCERT not to be republished

* اگر تم بھی پرندوں کی طرح اُڑ سکتے، تو تم کہاں جاتے؟ کیا کیا کرتے؟

اگر پرندے اُڑ نہ سکیں بس اپنے
پیروں پر ہی چلیں تو کیا ہوگا؟

آؤ بنائیں مرغا



ایک چوکور کاغذ لو۔1۔ اسے تصویر کے مطابق نقطوں کی جگہ سے موڑو۔

2۔ تصویر میں دکھائے گئے نقطوں سے کاغذ کو آدھا موڑو۔

3۔ اب کاغذ کو نقطوں کی لکیر (......) سے تیر کے نشان کی طرف موڑو۔

4۔ تصویر میں دکھائے گئے طریقے سے کاغذ کو موڑ کر مرغ کی چونچ بناؤ۔

5۔ اب ایک لال رنگ کے کاغذ کو مرغ کی کلغی کی شکل میں کاٹ کر اس کے سر کے اوپر چپکا دو۔

6۔ ایک چھوٹے سے کالے رنگ کے کاغذ کو گول کاٹ کر مرغ کی آنکھ کی جگہ چپکا دو۔

بس ہو گیا تمہارا مرغا تیار۔

© NCERT not to be republished